ہم پاکستانی عوام کے دینی جذبات کی قدر کرتے ہیں: شاہ فیصل



[illegible]

[illegible]

پاکستان نوابوں اور امیروں کی جاگیر نہیں ہے

ریاست کی علیحدہ حیثیت ختم کر دی جاتی : وزیر اعظم بھٹو کا اعلان

گلگت —— (پ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ہنزہ کی علیحدہ ریاست کی حیثیت ختم کر کے اسے شمالی علاقوں میں ضم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ...

پاکستان نے چین سے جدید ترین اسلحہ حاصل کر کے بھارت کو پریشان کر دیا ہے

چین نے امریکہ کے مشہور ٹینک کا توڑ کرنے والے میزائل تیار کر لیے ہیں: انجینئروں کا دعویٰ

نئی دہلی —— (پی ٹی آئی) بھارت کے وزیر جنگ جگجیون رام نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان نے چین سے جدید ترین اسلحہ حاصل کر لیا ہے۔ ...

حکومت بلجیم نے اسلام کو سرکاری طور پر مسلمانوں کا مذہب تسلیم کر لیا

مسلمان بچوں کو دیگر مذاہب کی تعلیم سے مستثنیٰ کر دیا جائے گا

راولپنڈی —— (پ پ) برسلز سے موصولہ اطلاع کے مطابق حکومت بلجیم نے جہاں مسلمانوں کی تعداد ڈیڑھ لاکھ کے قریب ہے اسلام کو سرکاری طور پر مسلمانوں کا مذہب تسلیم کر لیا ہے۔ ...

فلپائن کے مسلمانوں کی امداد کا منصوبہ

طرابلس —— اسلامی کانفرنس فلپائن کے مسلمانوں کی امداد کے لئے ایک افسر مقرر کرے گی۔ ...

مردوں بالخصوص ٹورانٹو کے شہریوں اور پولیس کے مابین شکایات ... کے بارے

نظر ثانی

... کا اعلان

میٹرو پالیٹن ٹورانٹو کے پولیس کمشنروں کے بورڈ کی طرف سے ... ذمہ داری دی گئی ہے کہ وہ آزادانہ طور پر میٹرو پالیٹن ٹورانٹو کے پولیس کی شکایات کے کام اور تنظیم کی جانچ کرے۔ ...

...

W. NIELS ORTVED,
Secretary and Counsel to the Review,
Suite 401, 330 University Avenue,
Toronto, Ontario, M5G 1R9.

صوبے میں نویں اور دسویں جماعت کے طلباء سے فیس نہیں لی جائے گی

فیصلے کا اطلاق قومی تحویل میں لیے گئے سکولوں پر بھی ہوگا

حکومت کو سالانہ مزید ۶۷ لاکھ روپے خرچ کرنے پڑیں گے۔ پنجاب کابینہ کا فیصلہ

لاہور —— (پ پ) ... اکتوبر ۱۹۷۳ء سے پنجاب میں نویں اور دسویں جماعت کے طلباء کو مفت تعلیم دی جائے گی ... اس فیصلے کا اطلاق تمام سرکاری سکولوں اور قومی تحویل میں لیے گئے سکولوں پر ہوگا۔ ...

میں پرمٹ حاصل کرنے والے ارکان کی ہرگز سرپرستی نہیں کرونگا

عوام ایسے افراد کو آئندہ انتخابات میں مسترد کر دیں

چکوال —— (پ پ) وزیر اعظم مسٹر بھٹو نے یہاں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ... عوام ایسے افراد کو آئندہ عام انتخابات میں مسترد کر دیں ... جمہوری نظام میں ... عوام کا معیار بلند ہو جائے۔

جمہوریت کی کامیابی سے پاکستان کی خوشحالی وابستہ ہے

مزید صنعتوں کو قومی تحویل میں نہیں لیا جائے گا

صنعت کاروں نے نئی صنعتیں قائم نہ کیں تو حکومت خود صنعتیں قائم کریگی : بھٹو

خیلو (بلوچستان) —— (پ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے آج بلوچستان کے اندرونی علاقے کے اس سب سے بڑے قصبے میں ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ... حکومت پاکستان میں جمہوریت کو تقویت پہنچانے کی زبردست کوشش کر رہی ہے۔ ...

فلسطینی لیڈر احمد عبدالغفور کو شہید کر دیا گیا

بیروت —— (پ پ) ... فلسطینی حریت پسند لیڈر احمد عبدالغفور کو ... گولی مار کر شہید کر دیا گیا ہے۔ ...

پنجاب میں سنسر کی پابندیاں ختم کر دی گئیں

لاہور —— (پ پ) حکومت پنجاب نے اخبارات پر قبل از اشاعت سنسر شپ کی پابندی ختم کر دی ہے۔ ...

پاکستانی حاجیوں کو سہولتیں فراہم کرنے کیلئے مکہ معظمہ میں پاکستان ہاؤس قائم کر دیا گیا

نو منزلہ عمارت میں حج تنظیموں اور فضائی کمپنیوں کے دفاتر بھی ہونگے — پاکستانی حاجیوں کو ملک کے حالات سے باخبر رکھنے کے انتظامات کیے جائیں گے



فوج کے چیف آف سٹاف جنرل ٹکا خان ... کو صوبہ سرحد میں ایک مقام پر فوجی جوانوں سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد —— (پ پ) وزارت اطلاعات و نشریات ... مکہ معظمہ میں پاکستان ہاؤس قائم کر دیا ہے تاکہ حاجیوں کی تکالیف کا ... پاکستان ہاؤس نو منزلہ عمارت ہے جس میں حج تنظیموں، فضائی کمپنیوں اور ... کے دفاتر ہوں گے۔ عمارت میں بیس بستروں کا ایک ہسپتال بھی قائم کیا جائے گا ... پاکستانی حاجیوں کو ملک کے حالات سے باخبر رکھنے کے لئے ریڈیو ... کے انتظامات بھی اس عمارت میں کیے جائیں گے۔

ریڈیو پروگرام "ملن"

ٹورانٹو اور اس کے آس پاس رہنے والے پاکستانی ہر جمعہ کو رات کے گیارہ سے بارہ بجے تک پاکستانی خبروں اور گانوں پر مشتمل رنگا رنگ ریڈیو پروگرام CHIC 790 AM پر سن سکتے ہیں۔

تیسرا آل البرٹا مشاعرہ

ڈاکٹر اور بیگم عبدالخالق کی جانب سے ۱۰ نومبر کو آٹھ بجے شب تیسرا آل البرٹا مشاعرہ
4603 – 113 A STREET
EDMONTON, ALBERTA
میں منعقد کیا جا رہا ہے۔
اہل البرٹا کی گذشتہ کارکردگی کے پیش نظر امید ہے کہ یہ مشاعرہ بھی خاصا کامیاب رہے گا۔

سی۔این۔ای میں پاکستانی پویلین کی کامیابی

ٹورانٹو کی کینیڈین نیشنل ایکزیبیشن میں پچھلے دنوں حکومت پاکستان کی طرف سے پہلی بار پاکستانی پویلین لگایا گیا تھا۔
اس پویلین میں کینیڈین اور امریکن تاجروں نے تقریباً ڈیڑھ ملین ڈالر (1.5 M $) کے پاکستانی سامان کا آرڈر دیا۔ زیادہ فروخت ہونے والی اشیاء پاکستانی ٹی شرٹس اور چمڑے کا سامان تھیں۔

"تمدن اسلام" کی اشاعت

مولانا عبدالماجد دریا بادی کے دو قدیم مقالے "تمدن اسلام" کے نام سے کتابی صورت میں ادارہ ادبیات دلی سے حال ہی میں شائع ہوئے ہیں۔ یہ مقالے جن کے عنوان "تمدن اسلام کا پیغام بیسویں صدی کے نام" اور "تمدن اسلام کی کہانی اسی کی زبانی" ہیں ... مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے اسلامی ... میں ۱۹۳۵ء اور ۱۹۴۱ء میں پڑھے گئے تھے ... اخبار صدق میں بھی چھپے۔

...

نیرنگِ خیال

خوابوں کی جنت

(نسیم بیگ)

پڑوسن سلائی مشین چلانے کے لیے رضیہ کو اپنے بچوں کو فراک سینے [illegible]
ہوگئی۔

اور اب رضیہ کے ہاتھوں کی رفتار گزرتے وقت سے کہیں زیادہ تیز ہوگئی تھی۔ اس کے سینے میں شکست خوردہ ارمانوں کا طوفان اُبل رہا تھا۔ [illegible] کی شرتی کے معصوم ہاتھوں نے اس کے خیالوں کو جھنجھوڑ ڈالا۔

"امی بھوک لگی ہے"

"جاؤ بیٹے تم زرینہ سے کھیلو ابھی تمہیں کھانا دیتی ہوں میں!"

اور اشرف منہ بسورتا ہوا دیوار میں لگی کھڑکی سے نکل کر اپنے مکان میں داخل ہوگیا۔ کتنی چاہت سے اس نے اپنے سات بچوں کی پرورش کی تھی۔ شادی سے پہلے رضیہ نے کتنے خواب دیکھے تھے۔ وہ اپنے بچوں کو کتنا بڑا آدمی بنانا چاہتی تھی مگر اب یہ تمام خواب ٹوٹ چکے تھے۔ اس کا شوہر صرف ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار کمانے والا کلرک تھا مگر اس قلیل رقم سے خوابوں کی جنت تو کیا کوئی دنیا بھی نہیں بسائی جا سکتی تھی۔ عید کا دن قریب آرہا تھا مگر اسے یہ روگ گھن کی طرح چاٹ رہا تھا کہ بچے عید کے دن نئے کپڑوں کا تقاضا کریں گے تو وہ ان ننھی منی زندگیوں کی خواہش کیسے پوری کرے گی۔ اس کے ہاتھوں کی رفتار تیز سے تیز تر ہوتی چلی گئی۔ اچانک کسی نے "امی" کہہ کر پکارا۔ سامنے اس کی چھ سالہ بچی زرینہ کھڑی تھی۔

"امی ... امی"

"کیا ہے بیٹے!"

"افضل نے شیشے کے گلاس توڑ دئے ہیں" جملہ رضیہ کے سینے میں چبھ گیا لیکن وہ ضبط کرتے ہوئے بولی۔

"کوئی بات نہیں بیٹے، جاؤ تم کھیلو" اور زرینہ بھی دیوار میں پیوست چھوٹی سی کھڑکی میں سے ہوکر اپنے مکان میں کود گئی۔

رضیہ کی نگاہیں ایک دم سلائی مشین چلاتے ہاتھوں پر رک گئیں۔ وقت سے پہلے ہاتھوں کی جلد کس درجہ زرد اور خشک ہوکر رہ گئی تھی۔ اس نے ہاتھ روم سے نکلتی اپنی پڑوسن انیلا کو دیکھا۔ جو عمر میں اس سے پانچ سال بڑی تھی مگر دیکھنے میں اس سے کہیں زیادہ توانا و تندرست۔ انیلا اپنے دونوں بچوں کے سروں پر تولیہ رگڑتے ہوئے ڈرائنگ روم میں داخل ہوگئی اور رضیہ کے ہاتھوں کی تیز رفتاری کے ساتھ کھٹ کھٹ کی آواز بھی بلند ہونے لگی کہ انسی اس کے پھیپھڑوں سے چپٹ کر رہ گئی تھی مگر رضیہ کو اپنی بیماری سے بڑھ کر اس عید کے دن کا فکر جب اس کے بچے اچھے کپڑے پہن کر اپنے محلے میں عید مناتے۔

اچانک تنویر کی آواز آئی۔

"امی ہمارے نلکے سے ریت آرہی ہے"

"ریت ..." رضیہ نے سوچا۔ پچھلے سال بھی نلکے سے ریت آئی تھی اور اس نے پورے تین ماہ تک پڑوسی کے گھر سے پانی بھرا تھا۔ اب پھر لیکن نئی مصیبت کا اس کی زندگی میں اضافہ ہوگیا

نہ جانے اب کب پیسے ملیں گے جب نلکا ٹھیک ہوگا۔ یہ سوچتے ہوئے اس کے ہاتھوں کی رفتار میں اضافہ ہوگیا۔ اور کمرے کی [illegible] نقشہ ان کے وجود پر لگا رہی ہو۔

شام تک اس نے دو سوٹ مکمل سی لیے تھے۔ اس نے انیلا کا شکریہ ادا کیا جو پہلے محلے کے کپڑے سینے کے لیے رضیہ کو مفت میں اپنی سلائی مشین دے دیا کرتی تھی۔ رضیہ سلے ہوئے کپڑے لیے محلے کی گلیوں کے چکر کاٹتی گھر ان کے گھر تک اکیلی ایسے کپڑے دیے کر سلائی کے پیسوں کا تقاضا کیا تو جواب ملا۔

"کل لے لینا"

اور وہ دھیرے دھیرے قدم اٹھاتی اپنے گھر لوٹ آئی۔ بچے آپس میں لڑ جھگڑ رہے تھے ماں کو دیکھتے ہی کھانے کا تقاضا کرنے لگے اور وہ اپنے بچوں کا ذہنوں کی بجائے پہیلیوں سے دل بہلانے لگی۔

رضیہ کو امید تھی کہ آج اس کا شوہر سجاد ضرور تنخواہ لے کر آئے گا۔ سجاد نے اس سے کہا تھا کہ عید سے دو روز پہلے اسے تنخواہ مل جائے گی۔ وہ ایک پرائیویٹ فرم میں ملازم تھا۔ گھر لوٹا تو اس نے بتایا کہ صاحب کراچی سے ابھی نہیں آئے شاید کل آجائیں گے۔ یہ سنتے ہی رضیہ انیلا سے پانچ روپے ادھار مانگ لائی۔ اس بھروسے پر کہ صبح تو ان سے پیسے لے کر انیلا کو دے دے گی۔ بچے جو بھوک سے بلک رہے تھے۔ پیٹ کی آگ بجھتے ہی آرام سے سو گئے۔ اس رات رضیہ نے سوچا کہ اس کے شوہر کو ملنے والی تنخواہ تو مکان کے کرایہ کی ادائیگی اور دوکانوں کے کھاتوں کی بھینٹ چڑھ جائے گی تو اس کے معصوم بچوں کے کپڑے کیسے بنیں گے! وہ سوچتی رہی۔ یہاں تک کہ اس کا ذہن ماؤف ہونے لگا اور پھر وہ اس فیصلے پر پہنچی کہ کل وہ صبح سے شام تک کم از کم دس کپڑے سی سکے گی۔ یہ سوچ کر وہ سو گئی۔ صبح انیلا کے ہاں سلائی مشین پر کام کرنے گئی تو انیلا نے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ کل رات اس کی بھابی سلائی مشین لے گئی تھی۔ درحقیقت انیلا رضیہ کی کھانسی سے نجات چاہتی تھی کیونکہ اسے اپنے بچوں کی زندگی نہایت عزیز تھی۔ رضیہ مردہ قدم اٹھاتی اپنے گھر لوٹ آئی۔ اس روز بیکاری کے عالم میں وہ سارا دن کھانستی رہی۔ شوہر گھر لوٹا تو اس نے بتایا کہ اس کے صاحب عید کے بعد لاہور آئیں گے لہذا تنخواہ ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ رضیہ کی آنکھوں کے سامنے ننھے منے معصوم بچوں کے چہرے گھومنے لگے اور اس کے سینے میں کھانسی کے جراثیم کروٹیں لینے لگے۔ یہاں تک کہ عید والی رات کو اس پر دو دورے پڑے اور علی الصبح اس نے اپنے شوہر سے کہا۔ "سجاد تم کہا کرتے تھے کہ دونوں لڑکیاں میری اور تینوں لڑکے تمہارے لاڈلے ہیں۔ ہم انہیں زندگی بھر کا پیار دیں گے!"

"ہاں ہاں" سجاد بولا۔

رضیہ نے کھانستے ہوئے جواب دیا۔ "شاید اب ان ساتوں بچوں کو تمہیں صرف اپنا ہی پیار دینا پڑے گا ..." ایسا نہ کہو رضیہ انسان کو مایوسی کی باتیں نہیں کرنی چاہئیں۔ لیکن بچے کے سائے خود اس کی آنکھوں سے بھی جھانک رہے تھے۔

غزل

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] بیٹھ ہیں مجھ [illegible] ہوئے
انہیں کے ہاتھ [illegible]
کچھ ایسی شیخ حرم نے لگا دی پابندی
کہ راہ لینی پڑی پھر شراب خانے کی
بھری بہار میں سیرِ چمن کو آئے ہیں
ادا سکھا گئیں گل کو اُن کے مسکرانے کی
یہ کون آج اُٹھا بزم سے سانے انور
کہ ساتھ لے گیا رونق شراب خانے کی

انور مرزا پوری

قطعات

علاج میرے مرض کا کسی کے پاس نہیں
میں اپنی جان سے بیزار ہوں۔ اُداس نہیں
طبیب نبض شناس "امر خبط" کیا جانے؟
یہ زخم وہ ہے جسے اندمال راس نہیں

•

میرا ہر حیلہ بے اثر ہی رہا
وار بھی خود پہ بے ضرر ہی رہا!
میری لاکھ آہیں عرش تک پہنچیں
آسماں والا بے خبر ہی رہا!

میر عبدالباسط نعیم۔ نیویارک

•

اُمیدِ عید

مامون ایمن۔ نیویارک

پردیس ہے اور عید کی تقریب کا دن ہے
یادوں کے دریچوں میں بھٹکتی ہے مری روح

اور دور بہت دور ہے احساس کی منزل
ماضی کے دھندلکوں سے اُلجھتا ہے مرا دل

بے معنی ہے پردیس میں مفہوم تمنا
بے کیف ہیں، بھاتی نہیں سازوں کی صدائیں

ہر وقت کے ہنگامے، یہ خوشیاں، یہ نظارے
ہیں نور سے محروم یہاں نور کے دھارے

لاہور کی گلیوں میں [illegible]
[illegible] طرح سے لوٹ آئیں [illegible]

[illegible]
[illegible]

[illegible]
گذرے مری چاہت [illegible] خوشی کا

[illegible]
پھیلے گی جہاں بھر میں مرے پیار کی خوشبو

[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]



نفسیات کی روشنی میں

محبت سے محرومی کا احساس بچے کو چور بنا دیتا ہے

آپ نے یہ کہانی تو ضرور سنی ہوگی کہ ایک بچہ کہیں سے انڈہ چرا کر گھر لایا تو اس کی ماں نے بنا کچھ کہے انڈہ تل کر کھا دیا تھا۔ نتیجہ یہ کہ یہی معصوم چھ سات سال کا بچہ آگے چل کر خوفناک مجرم بنا اور پھانسی کے تختے تک پہنچ گیا۔ مطلب یہ ہے کہ بچپن کی یہی ذرا ذرا سی غلطیاں جنھیں ماں باپ لاڈ پیار میں نظر انداز کر دیتے ہیں ۔۔۔ پختہ عمر میں سنگین نتائج پیدا کرتی ہیں۔"

اتنا سننا تھا کہ بانو آپا چراغ پا ہو گئیں۔ "اے بہن اب دیکھو تو تمہارے سامنے اتنی سی بات پر کتنا مارا ہے۔ پھر بھی یہ ہے کہ باز نہیں آتا۔" اتنا کہا اور ایک جھٹکے سے اُٹھ یہ جا وہ جا۔ آگے بات سننا تو درکنار انہوں نے میٹھا بھی گوارا نہ کیا اور میں اُن کے اس جملے پر کہ "اتنی سی بات پر کتنا مارا" غور کرتی رہ گئی۔

قصہ یہ ہے کہ بانو آپا میرے گھر میں رہتی ہیں میرے دونوں بھائی اور ان کے بچے وغیرہ۔ بانو آپا کا چار لڑکیوں پر ایک لڑکا ہے۔ چنانچہ منو میاں آپ کے بڑے لاڈلے ہیں۔ جہاں کہیں بچے اپنے کھلونے لے کر کھیلنے بیٹھتے یہ پہنچ جاتے جب تک وہاں دل لگتا بیٹھتے اور پھر جو کھلونا پسند آتا چپکے سے دبا لیتے۔ دوسرے لحاظ کے مارے کچھ نہ کہتے یا اگر کوئی بچہ اپنے کھلونے چھیننے کی کوشش کرتا تو منو میاں دھاڑیں مار مار کر رونے لگتے اور بس جناب پورے گھر کی شامت آ جاتی۔ اے ہے اتنے سے کھلونے کے لئے اسے رلایا جا رہا ہے ایسے تو وہ جانے کتنے توڑ چکا ہے دیدیو وغیرہ وغیرہ اور اس بچے کی ماں اپنے بچے کو سمجھا بجھا کر منو میاں کے پاس سے ہٹا لے جاتی تھیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یہ حضرت ہر پرائے مال کو اپنا سمجھنے لگے۔ گھر سے نکل ادھر ادھر رشتے داروں میں جانے لگے تو یہی گر منو میاں نے وہاں بھی آزمایا۔ خاصے کامیاب رہے۔ کچھ اور بڑے ہوئے۔ اسکول گئے۔ وہاں کبھی کسی بچے کی پنسل یا کوئی چیز پسند آئی چپکے سے جیب میں ڈال کر گھر آ گئے۔ سب بہنوں نے بھی غلطی کی تو ماں نے محض منو میاں کو دکھانے کے لئے بچے کو سب کے سامنے ڈانٹ ڈپٹ شروع کر دیا لیکن عادت پختہ ہو چکی تھی اور عادات بار بار کی جائے وہ عادت بن جاتی ہے۔

آج اتفاق سے میں بانو آپا کے کمرے میں بیٹھی ہی تھی کہ اسکول کی آیا یہ کہنے آئی کہ آپ کا بچہ پھر کلاس کے ایک بچے کا بہت قیمتی پین لے کر آ گیا ہے براہ مہربانی گھر میں تلاش کر لیں۔" اس وقت تو منو میاں اور تو کچھ نہیں سوجھا میرے اور آپا کے سامنے دھڑا دھڑ مارنا شروع کر دیا اور آیا سے کہہ دیا کہ کل ہم تلاش کر کے بھیج دیں گے۔

پختہ عادت مار دھاڑ سے نہیں جاتی۔ بچے کو بچپن سے یہ احساس دلانا چاہیے کہ دوسروں کی چیز بغیر اجازت لینا بہت بری بات ہے۔ دراصل کمسنی میں بچہ کسی سے پوچھے بغیر جب کوئی چیز لیتا ہے تو اسے چوری کی خبر نہیں ہوتی ہے۔ مگر رفتہ رفتہ لاشعور میں پلنے والی یہ عادت اس کے شعور پر بھی مسلط ہو جاتی ہے۔ والدین غلطی کو یہ کہہ کر نظر انداز کر دیتے کہ اس عمر میں بچہ کیا جانے کہ چوری کیا ہے۔ دراصل اُسے چوری کی ترغیب دیتا ہے۔

نفسیات کی رو سے وہ بچے بھی چوری کرنے لگتے ہیں۔ جنہیں محبت سے محرومی کا احساس رہتا ہے۔ بچے کے لئے یہ احساس کہ "ہم کچھ نہیں" بڑا جان لیوا ہوتا ہے اور یہ جتانے کے لئے کہ "ہم کچھ ہیں" وہ مختلف حرکتیں کرتا ہے جس میں سے ایک چوری بھی ہے۔

میری ایک ملنے والی ہیں۔ ان کے دو تین بچے ہیں سب سے بڑے بچے کو یہ بڑی شکایت ہے معلوم یہ ہوا کہ ببو خاصے بڑے ہو گئے تب تک ماں باپ کی آنکھ کا تارا بنے رہے۔ کیونکہ گھر میں اور کوئی چھوٹا بچہ نہ تھا لہٰذا جتنے دیکھو لاڈ کر رہا ہے۔ چار پانچ سال کے بعد ببو کے ایک بھائی اور ہوا۔ اس کے بعد دوسرا بچہ ہوا تھا۔ اب سب اس کے چونچلوں میں لگ گئے اور ببو کو یہ سمجھ کر کہ اب یہ بڑے ہو گئے ہیں بالکل نظر انداز کر دیا حتیٰ کہ اتوار کو بھی انہیں لفٹ نہیں دیتے۔ ببو نے یہ دیکھا تو ان کے ننھے سے دل میں انتقام کا جذبہ بیدار ہوا۔ وہ انتقام یوں لیا گیا کہ ابو آفس کے لئے تیار ہو رہے تھے اور چپکے سے ان کا پرس چھپا دیا۔ پورے گھر میں ڈھنڈیا مچی۔ ابو پریشان ہو رہے اور ببو میاں خوش ہیں۔ اسی طرح ایک روز امی کے پرس میں سے پیسے نکال لئے۔ امی کو معلوم ہوا۔ ببو میاں کی خوشامد کی، پیار کیا کہ بیٹا بتاؤ کہاں چھپاتے ہیں اور ببو خوش ہیں کہ چلو اس طرح امی کا پیار تو ملا۔ بچہ اگر چوری کرتا ہے تو ہمیں دیکھنا چاہیے کہ اس کا پس منظر کیا ہے پھر اسی لحاظ سے اس کے تدارک کے طریقے استعمال میں لائیں۔

ایک دن میرا ان کے گھر جانا ہوا۔ جاتے ہی میں نے کہا "ارے ببو کہاں ہو، جو بھی ذرا باہر آؤ پرس تو کہیں رکھ دو، یہ تمہارے ابا تو بس بھائی ان کا کام ہی نہیں، تم تو سمجھ دار بچے ہو۔ چلتے وقت بھی یاد کرا دینا ورنہ میری یادداشت تو بالکل بیکار ہے" اور وہ لا کر کے اپنا بیگ ان کے حوالے کر دیا۔

ببو کی امی نے سنا تو گھبرا کر بولیں۔ "ارے یہ کیا کیا آپ نے وہ سارے پیسے نکال لے گا۔" دیکھو ببو تو امی کے پرس میں سے پیسے نکالتے نکالتے اب گھر آئے مہمانوں پر بھی ہاتھ صاف کرنے لگے تھے۔ میں نے ان کو روک دیا کہ "آپ بس چپ رہیئے۔"

جتنے عرصے میں وہاں رہی ببو کی ان سے تعریف کرتی رہی۔ یقین کیجئے چلتے وقت وہ خود سے بھاگتے ہوئے آئے اور پرس میرے حوالے کر دیا جس میں سب چیزیں ویسی ہی موجود تھیں۔ اور ببو کی امی حیران حیران سی کھڑی میرا منہ تک رہی تھیں۔ تب ان پر یہ راز کھلا کہ ببو صاحب چیزیں کیوں چھپاتے ہیں، تاکہ لوگ ان کی طرف متوجہ ہوں۔

میں نے ببو کی امی سے کہا۔ "آپ اپنی ہر چیز اس بچے سے چھپانے کی بجائے اسی سے رکھوایا اور پھر اسی سے مانگ لیں۔" انہوں نے ایسا ہی کیا اور ببو کی چیزیں چرانے اور چھپانے کی عادت ختم ہو گئی۔

والدین کا فرض ہے کہ بچوں کی ضروریات کا خیال رکھیں۔ بعض بچوں کو ٹکٹ جمع کرنے یا کہانی کی کتابیں اکٹھا کرنے کا شوق ہوتا ہے۔ اس کے لئے بچوں کو جیب خرچ دیں تاکہ وہ اپنا شوق کسی حد تک پورا کر سکیں۔

کبھی کبھی بچوں کے دوستوں کو گھر پر بلائیں۔ ان کے لئے چھوٹی سی پارٹی کا اہتمام کریں۔ خود ان کے ساتھ کھیلیں اس سے آپ کو اندازہ ہوگا کہ آپ کے بچے کے حلقہ احباب میں کیسے کیسے بچے شامل ہیں۔

بعض دفعہ بچہ دوسرے بچے کی دیکھا دیکھی بھی چوری کرتا ہے۔ لہٰذا آپ بچے کو یہ سمجھائیں کہ دیکھو ایسے بچے کو کوئی پیار نہیں کرتا، اچھا نہیں سمجھتا وغیرہ وغیرہ۔

کل ایک مقامی اخبار میں یہ خبر پڑھی کہ اسکولوں اور کالجوں میں چوریاں بہت بڑھ گئی ہیں۔ اس خبر سے دل کو عجیب سی تکلیف ہوئی۔ کل کے یہ بچے آج کالج کے طالب علم ہیں اور مستقبل کے معمار قوم ہوں گے۔ کل انہوں نے قوم کی جیب پر ہاتھ صاف کر ڈالا تو کیا ہوگا۔

اسی طرح آج کا کمسن بچہ کل کا کچھ بنے گا۔ لہٰذا اساتذہ اور والدین کا فرض ہے کہ اس مرض کا ابتدا ہی میں تدارک کریں ورنہ دوسری صورت میں مرض کے لاعلاج ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

لذتِ طعام

قورمہ پلاؤ

اجزاء: چاول دو پونڈ، گوشت تین پونڈ، تیل آدھا پونڈ، دہی آدھا پونڈ، پیاز آدھا پونڈ، لیموں ایک عدد، ادرک کا پوڈر ایک بڑا چمچہ، لہسن کا پوڈر ایک بڑا چمچہ، سرخ مرچ کا پوڈر ایک چائے کا چمچہ، نمک دو بڑے چمچے، لونگیں ۱۲ عدد، سبز الائچی ۱۰ عدد، دار چینی چار ایک انچ کے ٹکڑے، ہری مرچ دو عدد، پودینہ اور ہرا دھنیہ چند پتیاں، دودھ ایک پیالی، زعفران ایک چٹکی۔

ترکیب: گوشت میں دہی، ادرک، لہسن، نمک، مرچ، چھ عدد لونگیں، چھ عدد الائچیاں، دو ٹکڑے دار چینی ملا کر کچھ دیر رکھ چھوڑیں۔ پھر پیاز کا چھلکا اتار کر باریک کاٹ کر اسے تیل میں سرخ کر لیں۔ پیاز تلنے کے بعد اس میں سے آدھا کپ تیل نکال کر علیحدہ رکھ دیں اور گوشت کا آمیزہ تلی ہوئی پیاز میں شامل کر دیں۔ پھر دھیمی حرارت پر گوشت گلنے کے لیے رکھ دیں۔ جب گوشت گل کر خشک ہونے لگے تو درجہ حرارت میڈیم پر کر کے اسے بھون لیں۔ بھونتے وقت اس میں ہری مرچ کے ٹکڑے، ہرا دھنیہ، پودینہ اور لیموں کا عرق شامل کر دیں اور چولھا بند کر دیں۔

دوسری دیگچی میں چاول کے وزن کا دوگنا پانی گرم کریں اور اس میں ایک بڑا چمچہ نمک اور بچے ہوئے لونگ، الائچی، دار چینی کے ٹکڑے ڈال دیں۔ جب پانی کھولنے لگے تو چاول دھو کر اس میں ڈال دیں اور دیگچی کو ڈھانک دیں۔ جب چاول آدھے گل جائیں تو انھیں ایک چھلنی میں انڈیل دیں تاکہ پانی نکل جائے۔ پھر چاول کی خالی دیگچی میں پیاز تلنے کے بعد نکالے ہوئے تیل میں سے آدھا تیل ڈال دیں اس پر آدھے چاول بچھا دیں ان پر گوشت کا قورمہ انڈیل دیں پھر اس کے اوپر باقی آدھے چاول بچھا دیں۔ اوپر چاولوں پر زعفران کا پانی، دودھ اور بچا ہوا تیل ڈال کر پانچ منٹ تک تیز درجہ حرارت پر رکھیں۔ جب بھاپ نکلنے لگے تو دس منٹ تک میڈیم پر کر دیں پھر پندرہ بیس منٹ تک بالکل کم درجہ حرارت پر رکھ کر اتار لیں۔ (مرسلہ حسینی خانم - ٹورانٹو)

سوّیوں کا زردہ

اجزاء: سوئیاں باریک آدھ پاؤ، گھی تین چھٹانک، چینی تین چھٹانک یا حسب ذائقہ، سبز الائچی آٹھ یا دس، زعفران چوتھائی تولہ، کیوڑہ چار بڑے چمچے، بادام آدھی چھٹانک، پستہ چوتھائی چھٹانک، کشمش چند دانے۔

ترکیب: چینی میں ایک پاؤ پانی ڈال کر قوام تیار کر لیں۔ گھی میں الائچی ڈال کر کڑکڑائیں اور کشمش کے دانے ڈال دیں پھر سوئیاں ڈال لیں جب سوئیاں سرخ ہو جائیں تو چینی کا قوام ڈال دیں اور آنچ بالکل ہلکی کر دیں۔ جب سوئیاں گل جائیں تو کیوڑے میں زعفران ڈال کر پیس لیں اور ساتھ ہی الائچی بھی پیس کر ملا دیں۔ یہ سب کچھ سوئیوں پر ڈال کر دم لگا دیں اور بادام کی گری اور پستہ باریک کاٹ لیں۔ جب سوئیاں تیار ہو جائیں تو ڈش میں نکال لیں اور اوپر بادام پستہ ڈال کر پیش کریں۔

شیر خرما

اجزاء: سوئیاں ایک پاؤ، دودھ دو سیر، چھوہارے ایک چھٹانک، بادام، سبز الائچی اور چینی حسب ذائقہ۔

ترکیب: دودھ کو پکنے کے لئے رکھ دیں۔ جب سوکھ کر ڈیڑھ سیر رہ جائے تو اس میں سوئیاں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں اور آہستہ آہستہ چمچے سے ہلاتی رہیں۔ جب پک پک کر گاڑھا ہونے لگے تو چھوہاروں کے چار چار ٹکڑے کر کے اس میں ڈال دیں پھر بادام کی گری اور الائچی کے دانے نکال کر ڈال دیں اور پھر چینی ڈال دیں۔ اس کے بعد چند منٹ پکا کر جب وہ کھیر کی شکل اختیار کر جائے تو اتار لیں۔ شیر خرما تیار ہے۔ ٹھنڈا یا گرم آپ کی پسند۔

مرسلہ: نسرین چوہدری
ایڈمنٹن - البرٹا

مسکرائیے

ایک انگریز سڑک پر جا رہا تھا اس نے ایک ہندو کو دیکھا۔ اور اس کی دھوتی کی طرف اشارہ کر کے پوچھا یہ کیا ہے۔ ہندو نے اس کی ٹائی کی طرف اشارہ کر کے پوچھا پہلے تم بتاؤ یہ کیا ہے؟ انگریز نے کہا یہ نکٹائی ہے۔ ہندو نے فوراً کہا۔ "یہ انڈین نیک ٹائی ہے۔"

بیٹا: امی جان اگر کسی سے کانچ کا وہ پھولدان ٹوٹ جائے جو کارنس پر رکھا ہے تو آپ کیا کریں گی؟
امی: مار مار کر ہڈی پسلی ایک کر دوں گی۔
بیٹا: تو چلیے امی جان وہ پھولدان گر کر ٹوٹ گیا ہے۔

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے کسی شخص کے آنے کی آہٹ پا کر نوکر نے کہا "جناب بیمہ کمپنی کا وہی ایجنٹ آ رہا ہے جو کل آیا تھا۔"
"دروازہ بند کر دو" مالک نے کہا۔
"نہیں دروازہ بند کرنا بے کار ہوگا" مالک نے کچھ سوچ کر کہا "تو دروازہ بند پا کر وہ روشندان میں سے آ جائے گا۔"

ایک مقدمے کے دوران میں دو وکیلوں نے آپس میں جھگڑنا شروع کر دیا۔ ایک بولا: "اس دنیا میں تم جیسا بے وقوف اور کوئی نہ ہوگا۔"
دوسرے نے طیش میں آکر جواب دیا "اور تم حد سے زیادہ بدتمیز اور گھٹیا انسان بھی کوئی نہ ہوگا۔"
جج نے فوراً مداخلت کرتے ہوئے کہا "آرڈر آرڈر، شاید آپ کو معلوم نہیں کہ یہاں میں بھی موجود ہوں۔"

"میں بیوی کو طلاق دینا چاہتا ہوں۔"
"کیوں؟"
"وہ میری زیادتی ... رات گئے گھر میں آتا ہوں اور اس سے شب بخیر کہتا ہوں تو وہ جواب میں صبح بخیر کہتی ہے۔"

بہنوں کی خدمت میں
عید مبارک

قادیانی اسلام کے نام پر تبلیغ کا سلسلہ بند کریں

اپنی عبادت گاہوں کو مساجد کا نام بھی نہ دیں: پروفیسر غفور احمد

کراچی — (نمائندہ خصوصی) قومی اسمبلی میں جماعت اسلامی کے پارلیمانی رہنما پروفیسر عبدالغفور احمد نے کہا ہے کہ قادیانی اسلام کے نام پر تبلیغ کا سلسلہ بند کر دیں اور اپنی عبادت گاہوں کو مساجد کہنا چھوڑ دیں۔ وہ ... میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ایک جلسہ سے خطاب کر رہے تھے۔ ...



پی آئی اے عراقی ہوا بازوں کو تربیت دے گی


کراچی — (اے پی پی) پاکستان اور عراق کے ...

جناب نورالامین انتقال کر گئے

سابق نائب صدر کو آج سردار عبدالرب نشتر مرحوم کی قبر کے پہلو میں سپرد خاک کیا جائے گا

دل کا شدید دورہ جان لیوا ثابت ہوا

ملک بھر میں عظیم محب وطن رہنما کی وفات پر رنج و اندوہ کی لہر دوڑ گئی



راولپنڈی — (اے پی پی) سابق نائب صدر، بزرگ سیاستدان اور پاکستان کی سالمیت و یکجہتی کے زبردست حامی جناب نورالامین آج ... حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ ...

جناب نورالامین کو پاکستان کی سالمیت اور استحکام سب سے زیادہ عزیز تھا

پاکستانی شہری کو یوگنڈا میں بائیکورٹ کا جج مقرر کر دیا گیا

پاکستان سے گہرے تعلقات استوار کریں گے: عیدی امین

کرشنا مینن کا انتقال ہو گیا

نئی دہلی — ...

افغان نیشنل بنک نے پاکستانی بنک سے ایک کروڑ روپے کی رقم نکلوا لی

پشاور — ...

پاکستان چینی کی پیداوار میں خود کفیل ہو گیا ہے

قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور معیشت کو ترقی دینے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے

پہاڑوں میں چھپے ہوئے قبائل پر سختی کی گئی تو خطرناک نتیجہ نکلے گا: ایک ماہ کے اندر مکمل جنگ چھڑ سکتی ہے: افغانستان

روس سے مگ طیارے، میزائل، ٹینک اور دیگر اسلحہ بھاری تعداد میں کابل پہنچ گئے

جنگ میں بھارت ہمارا طرح ساتھ دے گا: نائب وزیر خارجہ افغانستان

پاکستان کی بہادر فوج حملہ آوروں کا صفایا کر کے رکھ دے گی: واشنگٹن پوسٹ

واشنگٹن — ...

۱۵ اکتوبر سے ڈاک کی ترسیل شروع ہو جائیگی


ابتدائی طور پر عام ڈاک رجسٹرڈ لیٹر اور پارسل بھیجے جائیں گے

تار اور ٹیلیفون کا سلسلہ بحال کرنے کے انتظامات کا بھی فوری طور پر جائزہ لیا جائے گا

ڈاک کی ترسیل کے انتظامات کو آخری شکل دے دی گئی

نئی دہلی — ریڈیو پاکستان بھارت اور پاکستان کے مابین ڈاک کی ترسیل کا سلسلہ اگلے ماہ کی پندرہ تاریخ سے دوبارہ شروع ہو جائے گا۔

ہنزہ کا نظم و نسق فوری طور پر وفاقی حکومت نے سنبھال لیا چارج سنبھالنے کے لیے حکام ہنزہ بھیج دیے گئے: وفاقی وزیر داخلہ



گلگت — اے پی پی وفاقی وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے آج شام اعلان کیا کہ حکومت نے ہنزہ کی انتظامیہ کو فوری طور پر اپنی تحویل میں لے لیا ہے اور ہنزہ کے نظم و نسق کا چارج سنبھالنے کے لیے وفاقی حکومت کے افسر ہنزہ بھیج دیے گئے ہیں۔

پاکستانی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان

ہتھیار ڈالنے والے پچاس سرکش قبائلی تپ دق میں مبتلا ہیں

حکومت نے دس شدید بیمار افراد کو سینی ٹوریم میں داخل کرا دیا

بلوچستان میں نیپ کی حکومت کے دوبارہ قیام کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا: پیرزادہ



جام غلام قادر کی حکومت اکثریتی حکومت ہے

کوئٹہ پہنچنے پر وفاقی وزیر قانون مسٹر پیرزادہ کا اعلان

پاکستان میں سیاحت کی ترقی کا منصوبہ

عالمی ماہرین دسمبر کے آخر تک رپورٹ پیش کریں گے

ہنزہ کو ختم کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم

محکمہ اوقاف میں تبلیغ اسلام کا الگ شعبہ قائم کر دیا گیا

پاکستان عالم اسلام کا اتحاد اور اسلام کی بالادستی قائم کرنا چاہتا ہے: حاکمین

ہم اسرائیل کے خلاف عربوں کی حمایت پر پاکستان کے شکر گزار ہیں: پروفیسر جامعہ الازہر

لاہور — (اپ پ) پنجاب کے وزیر اوقاف ملک حاکمین خان نے مصری علماء اور قاریوں کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ میں ... [illegible]

نئے انتخابات

[illegible]

(مرسلہ: اسلم مرزا)

ہنزہ اور نگر کے عوام کی طرف سے ریاست کو شمالی علاقوں میں ضم کرنے کا خیر مقدم

[illegible]



پاکستان سے تعلقات معمول پر لانے کے لئے اثاثوں کی تقسیم ضروری ہے: مجیب

ہمیں اثاثوں میں ۴ ارب ڈالر کا حصہ ملنا چاہیئے

ڈھائی لاکھ مزید بہاریوں کو پاکستان میں منتقل کرنا ہوگا، جنرل اسمبلی میں تقریر

اقوام متحدہ — (اپ پ) ... [illegible]

قارئین کرام کو عید مبارک

(ادارہ)



نورالامین مرحوم نے ایک بہادر، عظیم اور نڈر قومی رہنما کا کردار ادا کیا

میں متحدہ پاکستان کے پرجوش حامی کو سلام عقیدت پیش کرتا ہوں: صدر مملکت

راولپنڈی — (اپ پ) صدر مملکت ... [illegible]

ایک بہادر اور عظیم لیڈر سے محروم ہو گیا: گورنر صادق حسین قریشی

[illegible]



افغانستان، پاکستان کے اندرونی معاملات میں وسیع پیمانے پر مداخلت کر رہا ہے

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل والڈہائم اور اسلامی سیکرٹریٹ کے حسن التہامی کے نام وزیر اعظم کا مکتوب

اقوام متحدہ — وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ... [illegible]

ملتان کے قریب مغلیہ دور کا کروڑوں روپے کی مالیت کا دفینہ برآمد ہوا

قبل مسیح کے مدفون شہر کے آثار بھی دریافت ہوئے

دفینہ سونے کی مہروں اور اشرفیوں پر مشتمل ہے، خزانہ ایک مزدور کو کھدائی کے دوران ملا

ملتان — [illegible]

مختلف بیرونی ممالک سے ۱۸۵ سو پاکستانی وطن واپس بھیج دیئے گئے

تمام لوگ غیر قانونی طور پر بیرون ملک گئے تھے، واپسی سے قبل سزا بھی بھگتنا پڑی

[illegible]

اگلے سال دوسرے ایٹمی بجلی گھر کی تعمیر شروع ہو جائیگی : منیر احمد خان

۱۹۹۰ تک پاکستان اپنی بجلی کی ضرورت کا دو تہائی ایٹمی بجلی گھروں سے پورا کرے گا

ہنگاموں کے تحفظ کی خاطر گولی چلانے سے بھی دریغ نہیں کیا جائے گا

ہنگاموں کے تحفظ کی خاطر گولی چلانے سے بھی دریغ نہیں کیا جائے گا

ترکی قبرص کے مسئلے پر پاکستان کی حمایت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا

ہم نے ترک قبرصیوں کی حفاظت کے لیے مجبوراً ہتھیار اٹھائے تھے : ترک وزیر داخلہ



ہم بلوچستان کے مسئلے پر مفاہمت کیلئے تیار ہیں : ولی خان

متحدہ جمہوری محاذ کو حکومت سے مذاکرات کا اختیار دے دیا گیا ہے





ایران دنیا کا ساتواں طاقتور ترین ملک بنے گا

امریکہ کو پاکستانی کپڑے کی برآمد



دینی نظام کے نفاذ کی راہ
میں قادیانیت بہت بڑی رکاوٹ
تھی جو اللہ کے فضل و کرم
سے دور ہو گئی ہے
مولانا ابوالاعلیٰ مودودی

کشمیر میں جنگ بندی لائن مستقل نہیں

پاکستان اور بھارت کشمیری عوام کے حق خود اختیاری کے پابند ہیں

استور کے جلسہ عام میں وزیر اعظم بھٹو کا اعلان

اسلام آباد میں ایشیائی کھیلوں کے مقابلے کے لئے دو ہزار ایکڑ رقبہ میں سپورٹس ولیج تعمیر ہوگا

چین ایک سٹیڈیم، جمنیزیم، پیراکی کا تالاب اور ہوسٹل تعمیر کرے گا

نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت فوراً شروع کر دی جائے : حفیظ پیرزادہ



گلگت و بلتستان میں دو
نئے ضلعے قائم کر دیے گئے

ٹورانٹو میں

نمازِ عید

اس سال ٹورانٹو اور اس کے گرد و نواح کے مسلمان ایک ہی مقام پر اکٹھے ہو کر نمازِ عید کا فریضہ ادا کر سکیں گے۔

عید کی نماز ۱۷ اکتوبر کو صبح نو بجے سی۔ این۔ ای کی کوئینز ایلزبتھ بلڈنگ میں پڑھائی جائے گی۔ ایک اندازے کے مطابق یہ نمازِ عید انشاءاللہ تعالیٰ شمالی امریکہ کے سب سے بڑے اسلامی اجتماع کا مظہر ہوگی۔ نماز کی امامت مشہور زمانہ اسلامی کارکن جناب ڈاکٹر احمد سقر کریں گے۔ موصوف دو مرتبہ ایم۔ ایس۔ اے کے صدر رہ چکے ہیں اور آج کل لیبیا۔ او میں ایک خاص کمیٹی کے ممبر ہیں۔

عیدگاہ آنے والوں سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ اپنے ساتھ بیٹھنے بچھانے کے کمبل اور مصلے ساتھ لیتے آئیں۔ فطرے کی رقم اس سال دو ڈالر بتائی گئی ہے جس کی ادائیگی نماز عید سے پہلے فرض ہے۔ مزید معلومات کے لیے 769-7800 یا 465-8525 پر فون کیجیے۔

شاہراہ قراقرم تین سال کے اندر مکمل ہو جائے گی


پاکستان اور چین کے باہمی روابط میں مزید اضافہ ہوگا

ہمارے ری ایکٹروں کی مدد سے کوئی ملک ایٹمی دھماکہ نہ کرے: وزیر خارجہ کینیڈا

ری ایکٹر لینے والے ملکوں سے موثر یقین دہانیاں حاصل کی جائیں گی

پی-آئی-اے کی پاکستان کینیڈا ڈائرکٹ فلائیٹ کے امکانات

پچھلے دنوں پی۔ آئی۔ اے کے سیلز اور مارکیٹنگ ڈائریکٹر جناب انور جمال صاحب کینیڈا کے دورے پر ٹورانٹو تشریف لائے۔ اس اخبار کے نمائندے کو بیان دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پی۔ آئی۔ اے ایئر کینیڈا سے ایک سمجھوتے پر بات چیت کر رہی ہے جس کے تحت پی۔ آئی۔ اے کی فلائیٹ کراچی سے سعودی عرب اور شمالی افریقہ ہوتی ہوئی سیدھی ٹورانٹو یا مونٹریال تک آ سکے گی۔



جناب انور جمال سیلز اور مارکیٹنگ ڈائریکٹر


جناب انور جمال صاحب نے اپنی بات چیت کے دوران شمالی امریکہ کے پاکستانیوں کو پی۔ آئی۔ اے کے ذریعے پاکستان بھیجنے میں اور زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے کے ارادوں کا بھی ذکر کیا جیسے کرایہ کے لیے قرض حاصل کرنے کا بندوبست وغیرہ۔

ٹورانٹو میں پی۔ آئی۔ اے کے ڈسٹرکٹ مینیجر جناب اسد درانی نے انور جمال صاحب کے لیے دعوت افطار کا اہتمام کیا تھا جس میں شہر کے چند پاکستانی معززین بھی مدعو تھے۔

اپوزیشن نے پاکستان کے اندر اپنی الگ مملکت قائم کر رکھی ہے

ولی خان سرحد پار سردار داؤد خان کی ہمنوائی کر رہے ہیں

متحدہ محاذ غلط اور مبالغہ آمیز اعداد و شمار جاری کر کے عوام کو گمراہ کر رہا ہے




کرسینٹ

ٹورانٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

(القرآن)



عید الفطر کے مسائل

صدقۂ فطر نمازِ عید سے پہلے ادا کیجیے

رمضان المبارک کے گزر جانے کے بعد یکم شوال کو شکرانے کے طور پر دو رکعت نماز عید ادا کرنا واجب ہے۔ عید الفطر کے احکام مندرجہ ذیل ہیں۔

* عید کے دن غسل کیا جائے، مسواک کی جائے، اور پاک صاف کپڑے جو میسر ہوں پہن کر خوشبو لگائی جائے یا دو میں نکلنا کر کے تیل لگایا جائے۔ * صبح سویرے اٹھ کر عید گاہ پہنچنے کی کوشش کی جائے اور نماز سے پہلے پیشتر کوئی میٹھی چیز کھا لی جائے * عید گاہ جانے سے پہلے صدقۂ فطر ادا کر دیا جائے۔

* عید کی نماز پڑھنے کے لیے ایک راستے سے جا کر نماز کے بعد دوسرے راستے سے واپس آئے۔ عید گاہ کو پیدل جانا چاہیے * راستے میں تکبیریں آہستہ آہستہ پڑھے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ * نماز عید سے پہلے کسی جگہ نفلیں پڑھنا مکروہ ہے۔ البتہ عید کی نماز کے بعد گھر آ کر نفلیں پڑھ سکتے ہیں۔ تاہم عید گاہ میں نماز کے بعد بھی نفلیں پڑھنا مکروہ ہے۔ * نماز عید میں صرف چھ تکبیریں زائد ہوتی ہیں۔ پہلی رکعت میں سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ کے بعد تین تکبیریں زائد ہوتی ہیں جو ہاتھ چھوڑ کر کہی جاتی ہیں اور دوسری رکعت میں رکوع سے پہلے تین تکبیریں زائد ہاتھ چھوڑ کر کہی جاتی ہیں۔ باقی نماز تمام نمازوں کی طرح ہے * نماز کے بعد خطبہ سننا واجب ہے۔

صدقۂ فطر: جس شخص پر زکوٰۃ فرض ہے۔ اس پر صدقۂ فطر بھی واجب ہے۔ خواہ اس نے روزے رکھے ہوں یا نہ رکھے ہوں۔ احادیث میں صدقۂ فطر کی مقدار فی کس ایک صاع (۲ سیر ۱۰ چھٹانک) جو یا گندم یا ان کی قیمت مقرر کی گئی ہے۔ مستحب یہ ہے کہ صدقۂ فطر نماز عید سے پہلے ادا کیا جائے۔

عید — روحانی مسرت کا ایک عظیم سرچشمہ

لفظ عید دنیائے اسلام میں کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ یوم عید نے صد ہا صد سال سے نہ صرف عالم اسلام بلکہ دشمنان اسلام سے بھی اپنی عظمت اور فضیلت کا سکہ منوالیا ہے۔ عید عالم اسلام کے لیے بارگاہ ایزدی کی طرف سے دیا گیا ایک انعام ہے اور مسلمانوں کو جب یہ انعام ملا تو انہوں نے صد سجدہ شکر ادا کیا۔ اور پھر اس انعام ملنے والے دن کی خوشی کو عید سعید قرار دیا گیا۔ ہمارے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ وہ کونسی سرفرازی و سربلندی ملت اسلامیہ کو نصیب ہوئی۔ جس کی یاد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے لے کر اب تک مسلمان عید کو ایک عظیم عالمی تہوار کی صورت میں مناتے ہیں۔

رمضان کا مقدس مہینہ نزول قرآن کا مہینہ ہے۔ قرآن عزیز وہ عظیم کتاب "ام الکتاب" ہے جو رسول کریم پر خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے نازل ہوئی۔ قرآن کریم بنی نوع انسان کے لیے ایک عظیم پیغام الٰہی بن کر آیا۔ اور اس نے مسلمان قوم کو ہمیشہ آغوش رحمت میں لیے ایک مکمل ضابطۂ حیات۔ ایک مکمل دین اور ایک مکمل سیاسی اور روحانی نظام بخشا۔

قرآن کریم نے فرد اور اقوام کو انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہ کیا۔ ایک صالح و پاکیزہ اور عدل و مساوات کے علمبردار معاشرہ کی تشکیل کا آغاز کیا۔ جس میں فرد اور قوم کو اعلیٰ اصولوں، بلند قدروں اور عظیم تر مقاصد کی تعلیم دی گئی اور مذہبی سربلندی اور مذہبی عمل کی اساس اور بنیادوں کا تعین کر دیا گیا۔ غرضیکہ قرآن کریم بنی نوع انسان پر خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک احسان عظیم اور انعام اعظم تھا۔ اس کا حق یہی شکر ادا کیا جائے اور [illegible] خوشی منائی جاتی کم تھی۔ [illegible] مسلمان [illegible] گئے اس [illegible] اسلام [illegible] خوشی منانے کے لیے عالم اسلام کے لیے [illegible] مقرر کر دیا گیا۔ اس [illegible] عید سعید کا نام دیا گیا۔ قرآن کریم کے ہی ماہ رمضان کی بشارت دی اور تمام مسلمانوں پر روزے فرض کر دیے گئے۔ روزے کا مقصد [illegible] قرآن کریم کے [illegible]

اور نبی کریمؐ کی وساطت سے مسلمانوں کو آگاہ کر دیا۔ روزہ تزکیۂ نفس اور پاکیزگی روح کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ عبادات اور ریاضات میں روزہ کی حیثیت سب سے افضل ہے۔ روزہ کا مفہوم ہر قول و فعل کو پاکیزہ کرنا اور نفس امارہ کو روح کے تابع کرنا ہے۔ کسی قوم کے لیے روزہ سے بڑی عبادت ہو ہی نہیں سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ جب تک مسلمان قوم پابند صوم و صلوٰۃ رہی اس وقت تک کوئی بڑی سے بڑی طاقتور قوم بھی اسے غلام نہ بنا سکی کیونکہ روزے کے عمل سے مسلمان قوم میں جفاکشی، پامردی، حوصلہ، ایثار، عمل، بردباری، صبر و شکر، اطاعت اور رضائے الٰہی کی اقدار ابھرتی ہیں گویا ماہ رمضان مسلمان قوم کے لیے ایک عالمگیر ٹریننگ کا مہینہ اور ریفریشر کورس کی حیثیت حاصل کر لیتا ہے۔ مسلمانوں پر پابندیٔ اوقات کے رموز کھلتے ہیں۔ اور قوت سحر خیزی نمودار ہوتی ہے یہی وہ افضل ریاضت و عبادت ہے جو امت رسول مقبولؐ سے پیشتر اور بعد میں کسی مذہب کسی معاشرہ اور کسی سوسائٹی کو حاصل ہو سکی اور نہ ہو سکے گی۔

دنیا میں آفرینش سے اب تک کسی نہ کسی شکل میں ہر گروہ اور ہر قوم ہر دور میں کسی نہ کسی واقعہ سے منسوب خوشی کو عید کی طرح مناتی آئی ہے۔ مگر عید مسلمان اور عید غیر میں جو سب سے بنیادی فرق رہا وہ یہ تھا کہ مسلمان کی عید تمام عالم اسلام کے لیے ایک ہی وقت روحانی مسرت لے کر آئی۔ اور تمام مسلمانوں نے ایک وقت شکر الٰہی اور عبادت کی اور ایک ہی طرح سے اس دن کی تقریب کا آغاز کیا۔ ہر مسلمان فرد اس روز غسل کرتا ہے نماز صبح ادا کرتا ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے اور پھر تمام مسلمان گروہ در گروہ ذکر الٰہی میں مشغول ہوتے عید گاہ روانہ ہوتے ہیں۔ جہاں امیر و غریب، غنی و عابد، پرہیزگار و گنہگار شانہ بشانہ دوش بدوش نماز عید ادا کرتے ہیں۔ اور پھر مصافحوں اور معانقوں کے مناظر پیدا ہوتے ہیں جو دنیا کی کسی غیر مسلم قوم کو نصیب نہیں۔

نماز عید سے پہلے ادائیگی فطرانہ وہ انسانیت پرور فریضہ ہے جس پر ملت اسلامیہ بجا طور پر فخر اور اپنے پروردگار کا شکر ادا کر سکتی ہے۔

اے ہلال عید

اے ہلال عید تیرا حسن وجہ راحت و آرام ہے
اے نشان نور تیری دید میرے صبر کا انعام ہے
دیکھتی ہے آنکھ تیرے روپ پہلے آسمان کے درمیاں
ہے بہت ہی دور شہر خاک تجھ سے اے نگار زرد ثناں
تو جھلک ہے شام کی تنہائی میں گہرے طرب کی جان جاں
اے کمان رنگ تیرے تیر دل میں گلستاں در گلستاں!
منزل وحشت و فا میں خواب عشرت کی حسیں محراب تو
اک دیار گم شدہ کے کاخ دکو کا اک سنہرا باب تو

منیر نیازی

عید کا چاند

عید کا چاند ہے دریوزۂ عشرت لے دوست | عشرتیں بھیک میں مانگیں سے کہاں ملتی ہیں
دست سائل میں اگر کاسۂ شبنم پہنچ اٹھے | تب کہیں جا کے ستاروں سے گراں ملتی ہیں

عید کے چاند مجھے محرم عشرت نہ بنا | میری صورت کو تماشائے الم بننے دے
مجھ پہ حیراں ہیں اگر اہل کرم ہونے دے | دہر میں مجھ کو شناسائے الم بننے دے

[illegible] کی فضا میں تو چلی جاتی ہیں | کل وہی، پنچ کے الام کے دسائف ہونگے
چند لمحوں کیلئے آج گلے سے لگ جا | اتنے دل تو نے بھی ظلمت میں گزارے ہونگے

اسقدر قیمتی [illegible] کی زریں لکیر
پیش کرتا ہے تجھے مدحت الہام فقیر

اعزاز صدیقی

(اداریہ)

ٹورانٹو میں نماز عید

یہ خبر لائق صد شکر ہے کہ اس سال ٹورانٹو اور اس کے آس پاس کے تمام مسلمان نماز عید الفطر ایک ہی جگہ پر اکٹھا ہو کر ادا کر سکیں گے۔ ایک اندازے کے مطابق سی۔ این۔ ای کی کولیزیم بلڈنگ میں مسلمانوں کا یہ مجمع کم و بیش دس ہزار افراد پر مشتمل اس خطۂ ارض پر مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا۔ جبکہ آج سے چند برس پہلے اسی شہر میں نماز عید کے لیے پچاس ساٹھ افراد کا اکٹھا ہونا ہی ایک معجزہ سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اس دفعہ جگہ جگہ سے آئے ہوئے رنگا رنگ افراد کا اس طرح یکجہتی اور تنظیم کے ساتھ بارگاہ ایزدی میں سجدہ ریز ہونا یقیناً قابل دید ہوگا جس سے مقامی باشندگان کا متاثر ہونا لازمی ہے۔ امید ہے کہ شمالی امریکہ کے دوسرے شہروں کی مسلم کمیونٹیز بھی اس سلسلے کو آگے بڑھائیں گی اور اسلامی تحریک کو روشن کریں گی۔

اسلام ایک عالمگیر اصلاحی تحریک ہے جو کسی خاص ملک اور قوم سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ تمام دنیا کے انسانوں کو ایک خدا پرستانہ تہذیب کا راہرو بنانا چاہتی ہے۔ ہماری یہ عید سعید بھی اسی تحریک کا زندہ ثبوت ہوگی۔

ٹورانٹو کے وہ مجاہد قابل تحسین و آفرین ہیں جنہوں نے ایک دشوار کام کو بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ ہم خدا تعالیٰ کے حضور میں دست بدعا ہیں کہ آنے والی عید میں بھی یہاں اسی طرح ایک ہی عید گاہ میں ادا ہو سکیں (آمین)۔

عید کے اس مبارک موقعہ پر ہم اپنے قارئین کو تہہ دل سے ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہوئے یہ گزارش کرتے ہیں کہ وہ شمالی امریکہ کے اس واحد پاکستانی اخبار کی توسیع و اشاعت میں ہمارا ہاتھ بٹائیں۔ ہمیں اشتہار دیں اور دوسروں سے بھی اشتہار دلوائیں۔ خود بھی خریدار بنیں اور دوسروں کو بھی اس کا خریدار بنائیں۔ افراط زر کے اس سنگین دور میں جبکہ آئے دن طباعت کے اخراجات بڑھتے جا رہے ہیں ہمارے اخبار کی اشاعت ہمارے لیے ایک آزمائش ہے۔ اس لیے ہم اپنے پڑھنے والوں بالخصوص مفت پڑھنے والوں سے یہ درخواست کریں گے کہ جس آزمائش کا سامنا ہم کر رہے ہیں وہ اس کا مداوا کر دیں۔

ادارہ

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۳ شمارہ ۱۵ — **کریسنٹ** ٹورنٹو کینیڈا

عید الفطر نمبر